# پراسپیکٹس




**2025-2026**

## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین جہانیاں

**065-2210801**
Email: gdcw.jahanian@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

CS CamScanner

# ''پیغام پرنسپل گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین ، جھانیاں''

اسلام جو کہ الوہی ارشادات سے بہرہ ور ہونے والا جدید ترین دین ہے

تعلیم اور بالخصوص تعلیم نسواں پر از حد زور دیتا ہے

ارشاد نبویؐ ہے ''تعلیم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے''

عورت جس کا خمیر ہی شفقت سے اٹھایا گیا ہے۔ جو کہ مجسمہ راحت و نرمی ہے علم ان تمام خصوصیات کو میسر کرتا ہے اور خاتون کو مرتبہ نسائیت عطاء کرتا ہے۔ مثبت سوچ کی حاصل دائمی پر امید طبقہ، خواتین جب علم و فضل کے ہتھیاروں سے لیس ہو کر رزم گاہ جہاں میں مائل بہ عمل ہوتی ہیں تو معاشرے کے کنبہ بد بودار رسوم و رواج پر ضرب پڑتی ہے۔ اور سماج کی تطہیر کا عمل شروع ہو جاتا ہے گویا نئے دور کا روشن چمکدار سورج طلوع ہوتا ہے۔ فی زمانہ تعلیم کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں اور تعلیم نسواں کے ضمن میں اس امر کی اہمیت دوچند ہو جاتی ہے۔ کیونکہ عورت ہی گود اگلی نسل و قوم کی جہالت اور دہشت گردی کے گھٹا ٹوپ اندھیروں سے نکلنے میں معاون ثابت ہونے والی نسل فراہم کر سکتی ہے۔ اور معاشرے کو متوازن، مضبوط اور خوش حال بنا سکتی ہے تعلیم نسواں کے ضمن میں نپولین کا قول ایک ضرب المثل کی حیثیت رکھتا ہے کہ ''تم مجھے تعلیم یافتہ مائیں دو میں تمہیں تعلیم یافتہ قوم دوں گا'' جب طلباء اور اساتذہ دونوں میں علم کی جستجو، شوق، ولولہ اور عزم مسلسل موجود ہو تو ہر کامیابی خود آگے بڑھ کر قدم چومتی ہے۔ ہم مسلمان خواتین کے کارناموں پر نظر ڈالتے ہیں تو ہمارے سر فخر سے بلند ہو جاتے ہیں۔ آیئے ہم مل جل کر کوشش کریں ہماری یہ بچیاں ہمارے شاندار تابناک مستقبل مضبوط پاکستان اور اچھی تعلیم کی ضامن بن جائیں۔ (آمین)

پرنسپل

مسز نسیم شاہد

# تعارف

تعلیمی ادارے کسی بھی علاقے کے اخلاقی کردار کی تعمیر وثقافت کی ترویج و پہچان میں بے پناہ کردار ادا کرتے ہیں۔ جہانیاں میں طالبات کے لئے اعلیٰ سطح کے تعلیمی ادارے کی اشد ضرورت محسوس کی جارہی تھی۔ کیونکہ سکول کی تعلیم کے بعد طالبات کو اعلیٰ تعلیم کے لیے خانیوال یا ملتان جانا پڑتا تھا۔ جس کی وجہ سے مزید تعلیم کے لئے خواہشمند طالبات کی کثیر تعداد علم سے محروم رہ جاتی تھی۔ یہاں کے عوام وخواص کی خواہش اور محنت رنگ لائی اور نومبر 1989ء کو گورنمنٹ گرلز کالج کا اجراء ہوا۔ عارضی طور پر کلاسز پرائمری سکول نمبر 2 کی عمارت جو ننھے بچوں سے خالی کرائی گئی تھی میں شروع کی گئیں اور وعدہ یہ تھا کہ ایک دو سال میں کالج کی عمارت تیار ہو جائے گی۔ لیکن عارضی عمارت میں قیام طویل ہوتا گیا۔ اور اسی عمارت میں یکم ستمبر 1999ء کو ڈگری کالج کلاسز کا اجراء بھی ہو گیا۔ اور یوں وہ عمارت کالج کی ضرورتوں کے لیے ناکافی ہو گئی۔ ستمبر 2001ء کو اہل جہانیاں تحصیل ناظم چوہدری کرم داد واہلہ محکمہ تعلیم کے افسران اور کالج پرنسپل صاحبہ کی کوشش اور محنت رنگ لائی اور کالج نئی عمارت میں شفٹ ہو گیا۔ عمارت کا افتتاح 6 نومبر 2001 کو ضلعی ناظم سردار احمد یار ہراج نے اپنے دست مبارک سے کیا۔ کمپیوٹر ڈیپارٹمنٹ شروع کرنے میں بھی کمپیوٹر بلڈنگ رکاوٹ نہیں بنی بلکہ عبوری طور پر نومبر 2001ء سے I.C.S کلاسز کا اجراء بھی کیا جا چکا ہے اور طالبات جدید ٹیکنالوجی سے مستفید ہو رہی ہیں۔ اور اس وقت کالج میں جدید ترین کمپیوٹر لیب کام کر رہی ہے۔ اس وقت ڈگری کالج برائے خواتین جہانیاں میں طالبات کے لئے ڈبل سٹوری کلاس رومز، ملٹی پرپز ہال، جدید کمپیوٹر لیب، گرلز ہاسٹل اور کالج بس کی سہولت موجود ہے۔ طالبات پختہ روشوں، سرسبز نوخیز درختوں سے ڈھکے سبزہ زاروں سے ہوتے ہوئے جب کالج کی صاف ستھری بلڈنگ کے سجے برآمدوں سے گزرتی ہیں اعلیٰ فرنیچر سے آراستہ ہوادار کلاس رومز اور جدید سامان سے آراستہ لیبارٹریز، دلچسپ و نایاب کتب سے آراستہ لائبریری اُن طالبات میں احساس تفاخر پیدا کرتے ہیں۔ ان میں تعلیم حاصل کرنے کا جذبہ مزید مستحکم ہوتا ہے۔ 2020 میں کالج کا نام گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین جہانیاں سے **گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین، جھانیاں** میں تبدیل ہو گیا۔

ڈائریکٹر کالجز ملتان پروفیسر فرید شریف صاحب، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز خانیوال پروفیسر احمر رؤف صاحب اور پرنسپل کالج ہذا مسز نسیم اختر صاحبہ کی خصوصی کاوشوں سے کالج میں 2023 سے بی ایس چار سالہ پروگرام کا آغاز ہو چکا ہے۔

**(ادارہ)**

## ادارہ ہذا کے مقاصد تعلیم

اللہ رب العزت ہمیں توفیق دے ہم ادارہ ہذا کے مقاصد تعلیم پورے کرنے میں کامیاب ہوں (آمین) مقاصد درج ذیل ہیں۔

1۔ طالبات کو نظریہ اسلام اور نظریہ پاکستان سے روشناس کرانا۔

2۔ ذاتی اور اجتماعی زندگی میں اسلامی اصول وضوابط سے آگاہ کرنا۔

3۔ جذبہ حب الوطنی پیدا کرنا۔

4۔ دیہی اور شہری علاقہ جات میں تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کرنا۔

5۔ سائنس / آرٹس الٹریچر / کمپیوٹر کی تعلیم کا خاطر خواہ انتظام کرنا۔

6۔ طالبات کی کردار سازی کرنا، خود اعتمادی پیدا کرنا۔ مثبت رویے پیدا کرنا۔

7۔ چادر و چار دیواری کے تقدس کی پاسبانی کرانا۔

8۔ عملی زندگی میں مفید ثابت ہونے والی عملی مہارتیں پیدا کرنا۔

9۔ پکی و سچی مسلمان باکردار بیٹیاں بنانا۔

10۔ تعلیمی نتائج بہتر سے بہترین بنانے کی کوشش کرنا۔

11۔ ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعے تعلیمی مقاصد میں تربیتی عمل کو اہمیت دینا۔

12۔ ایسی طالبات پیدا کرنا جو ملک وقوم کی بہتری کیلئے اپنا نصابی اور ہم نصابی کردار ادا کرسکیں۔

13۔ باصلاحیت اور باکردار بیٹیاں بنانا جو اپنا اور اپنے والدین کا نام روشن کریں۔

14۔ ہم طالبات کو حصول علم میں مشغول کر کے آخرت کی تیاری اور خوفِ خدا پیدا کرنے کا قابل بناسکیں۔

15۔ قابل فخر شہری بناسکیں۔

**پرنسپل** مسز نسیم شاہد ایم فل شماریات

**وائس پرنسپل** مسز سمیرا کنول ایم فل ریاضی

## تعارف تدریسی سٹاف

## سائنس تدریسی سٹاف

| (i) | شعبہ ریاضی | |
|---|---|---|
| مسز سمیرا کنول | ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر |
| مس اسماء آفتاب | ایم ایس سی | لیکچرار |
| مس سدرہ ارشاد | ایم فل | لیکچرار |

| (ii) | شعبہ شماریات | |
|---|---|---|
| مس ثروت عتیق | ایم ایس سی | اسسٹنٹ پروفیسر |
| مسز شاہدہ پروین | ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر |

| (iii) | شعبہ فزکس | |
|---|---|---|
| مسز افزاء راؤ | ایم فل | لیکچرار |

| (iv) | شعبہ باٹنی | |
|---|---|---|
| مسز مہناز جبیں | ایم فل | لیکچرار |
| خالی آسامی | | اسسٹنٹ پروفیسر |

| (v) | شعبہ بیالوجی | |
|---|---|---|
| مس ماریہ کرسٹینا | ایم فل | لیکچرار |

| (vi) | شعبہ کمپیوٹر | |
|---|---|---|
| مس شافیہ ریاض | ایم فل | لیکچرار |

| (vii) | شعبہ کیمسٹری | |
|---|---|---|
| آمنہ رزاق | ایم فل | لیکچرار |

| (viii) | شعبہ سیاسیات | |
|---|---|---|
| مس زینت صباء | ایم فل | لیکچرار |

| (ix) | شعبہ تاریخ | |
|---|---|---|
| مس لدیا نورین | ایم اے | اسسٹنٹ پروفیسر |

| (x) | شعبہ عربی | |
|---|---|---|
| مسز حاجرہ بتول | ایم فل | لیکچرار |

| (xi) | شعبہ معاشیات | |
|---|---|---|
| مسز سحرش خادم | ایم فل | لیکچرار |

| (xii) | شعبہ لائبریری سائنس | |
|---|---|---|
| روبینہ اختر | ایم ایس سی | لیکچرار |

| (xiii) | شعبہ انگریزی | |
|---|---|---|
| مسز سحرش خان | ایم فل | لیکچرار |
| خالی آسامی | | لیکچرار |

# تعارف آرٹس تدریسی سٹاف

| (xiii) شعبہ اُردو | | |
|---|---|---|
| خالی آسامی | | اسسٹنٹ پروفیسر |
| خالی آسامی | | اسسٹنٹ پروفیسر |

| (xiii) شعبہ اسلامیات | | |
|---|---|---|
| مس طاہرہ بتول | ایم فل | لیکچرار |
| مسز قرۃ العین | ایم فل | لیکچرار |

| لائبریری سٹاف | | |
|---|---|---|
| خالی آسامی | | سینئر لائبریرین |
| خالی آسامی | | لائبریری کلرک |

| سائنس عملہ | | |
|---|---|---|
| مسز آسیہ مجید | ایم اے اردو | لیب سپروائزر |
| مسز ارم شہزادی | ایم اے اردو | سینئر لیکچرار اسسٹنٹ |
| خالی آسامی | | |

| دفتری عملہ | | |
|---|---|---|
| مسز طلعت شاد | ہیڈ کلرک | ڈپلومہ لائبریری سائنس |
| طارق نوید ناز | سنیئر کلرک | بی اے |
| تنویر اسلم | جونیئر کلرک | بی اے |

| لیبارٹری عملہ | | | |
|---|---|---|---|
| محمد اشرف | ایل اے | محمد اشفاق | ایل اے |
| محمد ثاقب | ایل اے | دبیر امام | ایل اے |
| عبدالحلیم | ایل اے | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| محمد یحییٰ | نائب قاصد | سعید اختر | واٹر مین |
| خالی آسامی | نائب قاصد | محمد اظہر | مالی |
| محمد اعظم | چوکیدار | نسیم بی بی | خاکروب |
| محمد عابد | چوکیدار | جاوید مسیح | خاکروب |
| محمد ظفر | بیلدار | خالی آسامی | ڈرائیور |
| محمد زمان | بیلدار | محمد رمضان | کنڈیکٹر |
| محمد سعید | بیلدار | علی حسن | بیلدار |

CamScanner

## اساتذہ کرام کی اضافی ذمہ داریاں

دوران تدریس مختلف ضروریات کے پیش نظر اساتذہ کے زیر انتظام کمیٹیاں تشکیل دی جاتی ہیں تاکہ طالبات وقت ضائع کیے بغیر مطلوبہ سہولت حاصل کر سکیں۔

### کالج کونسل

| | | |
|---|---|---|
| پرنسل | مسز نسیم شاہد | |
| ممبر | مسز سمیرہ کنول | |
| ممبر | مس ثروت عتیق | سینئر اسسٹنٹ پروفیسر |
| ممبر | مسز شاہدہ پروین | اسسٹنٹ پروفیسر |
| ممبر | مسز حاجرہ بتول | سینئر لیکچرار |

### پرچیز کمیٹی

| | |
|---|---|
| پرنسپل چیئر پرسن | مسز نسیم شاہد |
| سیکرٹری | مسز سمیرہ کنول |
| ممبر | مس لدیہ نورین |
| ممبر | مس اسماء آفتاب |

### ایڈمیشن کمیٹی

| | |
|---|---|
| انچارج فرسٹ ائیر | مس ثروت عتیق |
| ممبران میڈیکل | مسز افزاء راؤ ، آمنہ رزاق |
| ممبران انجینرنگ (ICS) | مس شافیہ ریاض، مس سدرہ ارشد، مس اسماء آفتاب |
| ممبران آرٹس | مسز حاجرہ بتول، مس زینت صباء، مسز آسیہ مجید ، مسز ارم شہزادی |

### ایڈمیشن کمیٹی تھرڈ ائیر

| | |
|---|---|
| انچارج تھرڈ ائیر | مسز شاہدہ پروین |
| ممبران ADS | مسز مہناز جبین، مسز سحرش خادم |
| ممبران ADA | مس لدیہ نورین ، مسز روبینہ اختر، مسز قراۃ العین |
| ممبران BS | مسز سحرش خان، مس طاہرہ بتول |

CS CamScanner

## تدریسی مضامین

نوٹ: سوچ سمجھ کر غور و فکر کے بعد مضامین کا انتخاب کریں۔

### مضامین آرٹس گروپ انٹرمیڈیٹ

**لازمی مضامین** اردو، انگریزی، اسلامیات، مطالعہ پاکستان

**(1) اختیاری مضامین**

گروپ نمبر 1. اسلامیات، اکنامکس، عربی

گروپ نمبر 2. سوکس، ہسٹری، عربی

گروپ نمبر 3. پنجابی، ہسٹری، فزیکل ایجوکیشن

گروپ نمبر 4. لائبریری سائنس، پنجابی، فزیکل ایجوکیشن

گروپ نمبر 5. عربی ، اسلامیات، لائبریری سائنس

گروپ نمبر 6. اسلامیات، کمپیوٹر سائنس، اکنامکس

گروپ نمبر 7. کمپیوٹر سائنس، شماریات، اکنامکس

### (2) مضامین سائنس گروپ

پری میڈیکل گروپ فزکس، کیمسٹری، بیالوجی

پری انجینئرنگ گروپ فزکس، کیمسٹری، ریاضی

### (3) جنرل سائنس گروپ

1۔ اکنامکس، ریاضی، شماریات

2۔ اکنامکس، ریاضی، کمپیوٹر سائنس

3۔ شماریات، ریاضی، کمپیوٹر سائنس

4۔ فزکس، ریاضی، کمپیوٹر سائنس

نوٹ: گروپ نمبر 6 اور 7 میں داخلے کے لیے میٹرک میں فرسٹ ڈویژن ہونے ضروری ہے۔

CamScanner

## ڈگری پروگرام

بہاؤالدین یونیورسٹی ملتان کے نوٹیفکیشن کے مطابق (Semester) سمسٹر سسٹم Associate Degree in Arts (ADA) اور Associate Degree in Science (ADS) کا آغاز کیا گیا ہے۔

**مضامین برائے (اے ڈی اے) ڈگری**　اکنامکس، ہسٹری، عربی، اسلامیات، لائبریری سائنس

**مضامین برائے (اے ڈی ایس) ڈگری**　زوالوجی، کیمسٹری، کمپیوٹر سائنس

**مضامین برائے (بی ایس) 4 سالہ ڈگری پروگرام**　باٹنی، ریاضی، سٹیٹ (شماریات)، انگریزی

**(BS کے کسی بھی مضامین میں کلاس شروع کرنے کے لیے کم از کم تعداد (15) ہونی ضروری ہے۔)**

## داخلہ پالیسی بمطابق تعلیمی پالیسی 2016

**ہدایات:**

1۔داخلہ فارم کالج کی پراسپکٹس میں لف ہے فل کر کے کالج میں جمع کرایا جائیگا۔ On Line ایڈمیشن کرانے کی صورت میں داخلہ فارم اور فائل کی کاپی اصل کالج میں جمع کرانا ہوگی۔

2۔معذوری کی صورت میں معذوری کا سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔

3۔سال اول میں داخلہ لیتے وقت رزلٹ کارڈ کی کاپی اور تصاویر فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگی۔

4۔داخلہ مکمل طور پر میرٹ پر ہوگا۔

5۔داخلہ فارم میں کسی بھی قسم کی غلطی کی ذمہ داری ادارہ ہذا پر نہ ہوگی۔ داخلے کے امیدواران خود ذمہ دار ہونگے۔

6۔میرٹ لسٹ پر نام آنے کے بعد داخلہ فائل کی تیاری درج ذیل طریقہ سے کرنی ہے۔

CamScanner

## داخلہ فائل کی تیاری

★ کالج میں داخلہ کیلئے فارم کالج پراسپکٹس میں منسلک کیا گیا ہے۔ انٹر کلاس میں داخلہ کیلئے فارم کے ساتھ میٹرک کی سند / رزلٹ کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی (4 عدد)

★ سابقہ ادارے کی طرف سے جاری کردہ کریکٹر سرٹیفیکیٹ کاپی (1 عدد)

★ دوسرے بورڈ سے آنے والی طالبات متعلقہ بورڈ کا NOC اصل داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

★ ڈگری کلاسز میں داخلہ کیلئے انٹر کی سند / رزلٹ کارڈ کی 4 عدد تصدیق شدہ فوٹو کاپی، کریکٹر سرٹیفیکیٹ انٹر اور دیگر بورڈ سے آنے والی طالبات اصل NOC منسلک کریں گی۔

★ مخصوص نشستوں پر داخلہ کیلئے فارم پر واضح کرنا ہوگا کہ کس مخصوص نشست کیلیے درخواست گزاری ہے۔

★ ب فارم لازمی ہے، والد یا سرپرست کے شناختی کارڈ کی 1 عدد کاپی لف کریں۔

★ تصاویر 4 عدد پاسپورٹ سائز

★ ڈاک لفافے 2 عدد

★ سابقہ سیشن میں میٹرک پاس کرنے والی طالبات کو 1 سال قبل میٹرک کرنے تک داخلہ دیا جاسکتا ہے۔ اس سے زیادہ عرصہ قبل میٹرک پاس کو داخلہ نہیں دیا جائیگا۔ گزشتہ ایک سال کے اندر میٹرک پاس طالبات درج ذیل شرائط پورا کرنے پر داخلہ کی مستحق ہونگی۔

★ اگر کالج پرنسپل قواعد و ضوابط کے مطابق اجازت دے۔

★ کالج کونسل اپنے فیصلے کے بعد متعلقہ تعلیمی بورڈ کو اجازت کیلئے ارسال کرے۔

★ چیئرمین بورڈ اگر اجازت دے دیں۔

★ داخلے کے ساتھ ہیلتھ پروفارمہ کسی بھی سرکاری ہسپتال سے تصدیق کروا کہ لازمی لف کریں۔

★ طالبہ میرٹ پر ہو۔

★ ایک حلف نامہ جمع کرانا ہوگا کہ اس سے پہلے کسی بھی کالج میں داخلہ نہیں لیا گیا۔ اگر کہیں غلط بیانی ثابت ہوگئی تو قانونی کاروائی کرنا کالج کا حق ہوگا۔

★ داخلہ لینے کے بعد کالج کارڈ بنوانا اور روزانہ گلے میں لٹکانا لازمی ہوگا۔

★ انٹرمیڈیٹ سال اول میں تمام داخلے OCAS کے ذریعے کئے جائینگے۔ طالبات ہر طرح سے تعاون کریں گی۔ تاکہ کسی غلطی کی گنجائش نہ رہے۔

★ سال اول میں داخلہ کے وقت عمر کی حد 18 سال اور سال سوئم 20 سال مقرر کی گئی ہے۔ اس سے زیادہ عمر کے امیدواران داخلے کیلئے نا اہل تصور ہونگے۔

★ کالج میں داخلہ کے لئے منسلک داخلہ فارم پر والد / والدہ کا درست فون نمبر لکھیں۔ ایسا نمبر لکھیں جس پر آسانی سے رابطہ ہو سکے۔

CamScanner

## کالج واجبات

گورنمنٹ آف پاکستان صوبہ پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفکیشن نمبر SO(CA)1-44/2016 جو مورخہ 16 مئی 2016 کو لاہور سے جاری کیا گیا کے مطابق کالج واجبات درج ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | نام فیس/فنڈز | آرٹس انٹر | سائنس انٹر | آرٹس انٹر ڈگری |
|---|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ فیس سالانہ | 80/- | 65/- | 225/- |
| 2 | ٹیوشن فیس سالانہ | 600/- | 600/- | 720/- |
| 3 | جنرل فنڈ فیس سالانہ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 4 | ریڈ کراس سالانہ | 60/- | 60/- | 60/- |
| 5 | میڈیکل سالانہ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 6 | کالج میگزین سالانہ | 120/- | 120/- | 120/- |
| 7 | ویلفیئر فنڈ سالانہ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 8 | لائبریری سیکورٹی | 500/- قابل واپسی | 500/- قابل واپسی | 500/- قابل واپسی |
| 9 | سائنس بریکج فنڈ | 60/- | 60/- Per Subject | 120/- |
| 10 | رجسٹریشن فیس | بورڈ اور یونیورسٹی کے نوٹیفکیشن کے مطابق وصول کی جائیگی | | |
| 11 | برقعہ فنڈ سالانہ | 100/- | 100/- | 100/- |
| 12 | کمپیوٹر فیس سالانہ | 300/- | 300/- | 400/- |
| 13 | کالج امتحان فنڈ سالانہ | 180/- | 180/- | 180/- |
| 14 | کالج شناختی کارڈ فنڈ | 50/- | 50/- | 50/- |
| 15 | بس فنڈ سالانہ | 150/- | 150/- | 150/- |
| 16 | سپورٹس فنڈ سالانہ | 180/- | 180/- | 180/- |
| 17 | بورڈ/یونیورسٹی الحاق فیس | 240/- | 240/- | 360/- |

CamScanner

## خارجی امتحان کے قواعد وضوابط

بمطابق حکومت پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نوٹیفکیشن نمبر So-(CA)1-44/2016 Dated 16.5.16 انٹرمیڈیٹ کی طالبات سال اول اور سال دوئم کے سالانہ امتحان میں شرکت درج ذیل قواعد کے مطابق کرسکتی ہیں بصورت دیگر امتحان میں شرکت نہیں کرسکتیں۔

1 کالج میں 75% لیکچرز میں حاضری لازمی ہے بصورت دیگر کالج انتظامیہ خارجی امتحان کے لئے تعلیمی بورڈ میں داخلہ روکنے کی مجاز ہے۔

2 اگر کوئی طالبہ تعلیمی کیلنڈر کے مطابق غیر حاضر تصور ہوئی تو اسے رول نمبر سلپ جاری نہیں کی جائیگی۔

3 اگر کسی طالبہ کے دو سے زیادہ مضامین میں F گریڈ ہو تو اس کا داخلہ فارم روک لیا جائے گا۔

4 اگر کسی طالبہ کے بارے میں متعلقہ ٹیچر غیر تسلی بخش ریمارکس دے اور طالبہ کے رویے پر یا تعلیمی کارگردگی پر مطمئن نہ ہو تو داخلہ فارم روک لیا جائیگا جس نے کوئی داخلی امتحان یا ٹیسٹ نہ دیا ہو۔

5 اگر طالبات سال اول یا سال دوئم کے آغاز سیشن پر کالج حاضر نہیں ہوتیں اُنکا داخلہ روک لیا جائیگا فیس ضبط ہو جائیگی۔

6 اگر کوئی دوران سال ادا کی جانے والی فیس اور جرمانہ کی دائیگی کے واؤچر بینک میں ادا کرک واجبات کلیئر نہیں کرتی تو اسکا داخلہ فارم روک لیا جائے گا۔(ادائیگی کے بعد بینک واؤچر سنبھال کے رکھیں)

## کالج یونیفارم

کالج ہذا کا یونیفارم قمیض شلوار (کاٹن یا کاٹن ٹیٹرون) ہے۔کاٹن کی شرٹ کا رنگ درج ذیل ہوگا۔

**انٹرمیڈیٹ**

| | |
|---|---|
| سال اول | بے بی پنک رنگ |
| سال دوئم | گرین |

**ADA/ADS/BS** سادہ سفید رنگ کی شلوار قمیض

| | |
|---|---|
| سال سوم | جامنی کلر (Purple Color) دوپٹہ |
| سال چہارم | سرمئی کلر (Grey Color) دوپٹہ |
| بی۔ایس،انگلش | گہرا نیلا (Navy Blue Color) دوپٹہ |

**اسکے علاوہ:**

(1) سکارف کالے رنگ کا ہو۔ (2) شال اور جرسی کالے رنگ کی ہو۔

(3) جوتا کالا بند ہو۔ (4) جرابیں کالے رنگ ہوں۔

**نوٹ:**

(5) بالوں کو باندھ کر رکھیں اور کالے رنگ کی پونی۔یا کلپ استعمال کریں۔

(6) ہر طرح کی جیولری اور میک اپ سختی سے منع ہے۔

## سفری بس کی سہولت

**دور دراز سے آنے والی طالبات کے لئے خوشخبری:**

اب کالج ہذا کی بس طالبات کو سفری سہولت فراہم کرنے کے لئے موجود ہے۔جو طالبات سفری سہولت میسر نہ ہونے کی وجہ سے تعلیمی سفر جاری نہ رکھ سکیں اب یہ مشکل آسان ہو گئی ہے اپنے کالج کی اپنی بس استعمال کریں کم خرچ پر آرام دہ سفر کی سہولت حاصل کریں۔

## وظائف

(1) کالج کی طالبات تمام سرکاری اور غیر سرکاری وظائف حاصل کر سکتی ہیں۔ بشرطیکہ وہ ان کی مستحق ہوں۔

(2) طالبہ ایک وقت میں صرف ایک وظیفہ کی حقدار ہوگی۔ اس سلسلے میں معلومات نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائیں گی۔

## قوانین حاضری

(1) طالبات کے لئے تعلیمی ادارہ میں پابندی وقت اور باقاعدہ حاضری ضروری ہے تاکہ بورڈ/ یونیورسٹی کی مقرر کردہ 75 حاضریاں پوری ہوسکیں۔

(2) مقررحد سے حاضری کم ہونے کی صورت میں بورڈ/ یونیورسٹی کے امتحانات میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔

## رخصت کے قواعد

(1) طالبات کو کسی بھی قسم کی رخصت کے لئے تحریری درخواست قبل از رخصت دینا ہوگی۔

(2) رخصت کی درخواست پر والدہ / سرپرست کے دستخط ضروری ہیں۔

(3) بیماری کی صورت میں 3 دن سے زائد چھٹی حاصل کرنے کیلئے میڈیکل سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔

(4) درخواست کے بغیر رخصت غیر حاضری تصور ہوگی۔

(5) چھ دن مسلسل غیر حاضری یا پورے مہینے میں دس غیر حاضری کی صورت میں طالبہ کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا دوبارہ ایڈمیشن ایک بار ہوگا پھر ایڈمیشن کبھی نہیں ہو سکے گا۔ دوبارہ داخلہ کی فیس -/150 روپے ہوگی۔

(6) دو دن کی رخصت حاصل کرنے کیلئے انگلش ٹیچر سے اجازت حاصل کرنا ہوگی۔ دو دن سے زیادہ رخصت پرنسپل صاحبہ کی اجازت سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

## ڈسپلن کی خلاف ورزی پر جرمانہ کی شرح وصولی

| نمبر شمار | نوعیت خلاف ورزی | جرمانہ کی رقم |
|---|---|---|
| 1 | نامکمل یونیفارم کی صورت میں | 100 روپے |
| 2 | بغیر یونیفارم کی صورت میں | 150 روپے |
| 3 | کسی بھی ڈسپلن کی خلاف ورزی (نوعیت کے مطابق) | 200 تا 1000 روپے |
| 4 | کیمرہ ساتھ لانا، ٹیپ ریکارڈ یا سیل فون لانا اور استعمال کرنے کے دوران پکڑے جانے کی صورت میں | 1000 روپے جرمانہ اور متعلقہ اشیاء والدین کی درخواست پر واپس کی جائیں گی |

CamScanner

## لائبریری

کالج ہذا میں طالبات اوراساتذہ کرام کیلئے تازہ ترین اورنادر مطبوعات کاایک وسیع ذخیرہ موجود ہے۔جن میں ہر سال اضافہ ہوتا رہتا ہے۔پر سکون آرام دہ ماحول دستیاب ہے۔ علمی پیاس بجھانے والی طالبات کیلئے مفید کتب دستیاب ہیں جبکہ طالبات کودرج ذیل قوانین کی پابندی کرنا ہوگی۔

## لائبریری کے قوانین

- ★ اخبارات ورسائل سے استفادہ لائبریری میں ہی کیا جاسکتا ہے۔
- ★ طالبات لائبریری سے 1 ہفتے کیلئے کتب جاری کرواسکتی ہیں۔
- ★ مقررہ مدت سے زائد عرصہ کتاب اپنے پاس رکھنے کی صورت میں 5 روپیہ روزانہ کے حساب سے فائن ہوگا۔
- ★ کالج چھوڑنے سے پہلے لائبریری کتب واپس کرنا ہونگی عدم واپسی کی صورت میں طالبہ کی کالج سیکورٹی فیس میں سے متعلقہ کتاب خریدی جائے گی۔
- ★ کتاب گم ہونے یا خراب ہونے کی صورت میں نئی کتاب خرید کردینا طالبہ کی ذمہ داری ہوگی۔
- ★ لائبریری میں خاموشی سے بیٹھ کر مطالعہ کرنا لائبریری کے آداب میں شامل ہے اس پر عمل ضروری ہے۔
- ★ طالبہ ایک وقت میں صرف 1 بک جاری کرواسکتی ہیں۔
- ★ تمام کلاسز لائبریری سے جاری شدہ شیڈول کے مطابق کتب جاری کروانے کی پابند ہوگی۔
- ★ لائبریری سیکورٹی رزلٹ کے بعد یکم جنوری سے 30 اپریل تک واپس کی جائے گی۔
- ★ طالبات کی بہترین نشوونما کیلئے ہم نصابی سرگرمیوں کا سلسلہ تعلیم کے ساتھ ساتھ جاری رہتا ہے۔

## غور طلب خصوصی ہدایات

1. اسمبلی اور اپنی کلاسز باقاعدگی سے اٹینڈ کریں۔ خالی پیریڈ میں راہداریوں میں گھومنے پھرنے سے پرہیز کریں لائبریری میں بیٹھیں۔
2. کالج یونیفارم کی مکمل پابندی کریں۔
3. کالج کو صاف ستھرا رکھیں۔ کیاریوں کو خراب نہ کریں اور پھول نہ توڑیں پھول توڑنے کا جرمانہ 200 روپے فی پھول ہے۔
4. طالبات پر لازم ہے کہ ضابطہ اخلاق کی پابندی کریں غیر اخلاقی حرکات اور گفتگو سے پرہیز کریں۔
5. چھ (6) دن مسلسل غیر حاضری اور مہینے میں دس دن غیر حاضری کی وجہ سے نام خارج کر دیا جائے گا۔ دوبارہ ایڈمیشن صرف ایک بار ہو گا۔
6. کلاس ٹیسٹ / ماہانہ ٹیسٹ لازمی ہوں گے ورنہ داخلہ نہیں بھیجا جائے گا۔
7. پریکٹیکل والے مضامین رکھنے والی طالبات نوٹ کر لیں کہ پریکٹیکل کاپیاں اپنی متعلقہ لیکچرار سے 30 اپریل تک چیک کروا لیں اس کے بعد کاپیاں چیک نہیں کی جائیں گی۔
8. معلومات کے لئے کلریکل آفس کی کھڑکی سے متعلقہ کلرک سے رابطہ کریں۔ ایڈمن بلاک میں جانے کی اجازت نہیں ہے۔
9. کالج کے کسی بھی ملازم سے کوئی چیز منگوانے یا اُسے باہر بھیجنے کی اجازت نہ ہو گی۔
10. فیس واؤچر ایک دن پہلے کلرک سے حاصل کریں اور دوسرے دن اسے پنجاب بینک میں جمع کروائیں کالج ہذا کے سٹاف روم کے اندر ہرگز نہ آئیں۔
11. کالج سے متعلقہ اپنے مسائل اپنی کلاس پراکٹرز کے ذریعے صرف کالج کونسل / پرنسپل تک پہنچائیں۔
12. طالبات کالج ہذا کے سٹاف روم کے اندر ہرگز نہ آئیں۔
13. طالبات اساتذہ، کالج کے عملے اور بزرگوں کا احترام کریں۔
14. طالبات کالج کے قوانین و ضوابط کی پابندی کریں۔
15. طالبات کالج کے اندر اور باہر ہمیشہ دیانتداری، سادگی، سچائی اور خوش اخلاقی کو ملحوظ خاطر رکھیں۔
16. طالبات کلاس میں اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور یونیفارم کی سختی سے پابندی کریں۔
17. طالبات کالج کی تمام املاک کی حفاظت کریں۔
18. کالج کے قواعد و ضوابط اخلاق سے روگردانی پر اساتذہ کرام طالبات کو سرزنش کا حق رکھتے ہیں تاکہ اصلاح کی جا سکے۔
19. کسی طالبہ کو کسی مہمان سے ملاقات کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہو گی ایمرجنسی میں پرنسپل صاحبہ سے پیشگی اجازت لینا ہو گی۔
20. طالبات اپنے مسائل کے حل کیلئے ڈیوٹی آفیسر سے رابطہ کریں گی پرنسپل صاحبہ سے ملاقات کیلئے پیشگی اجازت لیں گی۔

## والدین کے لیے ہدایات

معزز محترم سے ہماری درج ذیل گزارشات ہیں۔ اُمید ہے ادارے کے ساتھ تعاون کر کے تعلیم و تربیت کے اس عمل کو مفید اور مؤثر بنانے میں ادارے کا ساتھ دیں گے۔ گزارش ہے کہ والدین ہر ماہ کالج انتظامیہ سے رابطہ کریں۔

1. یہ کہ کالج گیٹ پر موسم گرما اور موسم سرما میں کالج ٹائم ٹیبل لگا دیا جاتا ہے اُس پر سختی سے عمل کریں۔
2. کسی بھی قسم کی ایمرجنسی چھٹی یا کالج بند کرنے کی اطاع پر کالج گیٹ پر نوٹس لگا دیا جاتا ہے آپ اسکے مطابق عمل کریں
3. داخلہ کے آغاز پر متعلقہ نوٹس کالج گیٹ پر چسپاں کر دیئے جاتے ہیں وہاں سے معلومات حاصل کریں۔ انتہائی ضروری معلومات کے حصول کیلئے 12 بجے کے بعد پرنسپل / وائس پرنسپل سے معلومات لی جا سکتی ہیں۔
4. کسی انتہائی صورت حال میں طالبہ کو گھر لے جانا ہو تو والد / والدہ / بھائی یا بہن اپنا شناختی کارڈ کی کاپی ہمراہ لائیں۔ درخواست جمع کروائیں اور پھر بچی کو ساتھ بھیجنے کی اجازت دی جائے گی۔
5. طالبات کے سیل فون کالج لانا منع ہے لہٰذا والدین سیل فون کالج لانے نہ دیں ورنہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ ٹیپ ریکارڈر کیمرہ ہمراہ لانا بھی سختی سے منع ہے۔
6. طالبات کی تعلیمی حالت جاننے کیلئے PTM. (والدین کی ٹیچر سے ملاقات) کیلئے تشریف لائیں تا کہ والدین اور اساتذہ مل کر تربیتی عمل کو بہتر سے بہترین بنا سکیں۔
7. بلا ضرورت اور غلط وقت پر کالج آنے سے گریز کریں، اجازت نہیں ملے گی۔
8. کالج کی طرف سے کسی بھی قسم کی معلومات درکار ہوں تو یہ سیل فون / پی ٹی سی ایل کے جو نمبر آپ نے فارم پر درج کیے ہوتے ہیں وہ زیر استعمال رکھیں تا کہ بوقت ضرورت ادارہ کوئی بھی معلومات لینا دینا چاہے تو رابطہ کیا جا سکے۔
9. والدین سے یہ بھی گزارش ہے کہ زیادہ سے زیادہ کالج بس سروس کی سہولت حاصل کریں۔
10. تعلیمی قانون اور قاعدوں کی پاسداری کرنا تمام والدین کا فرض ہے کسی بھی ڈسپلن یا قانون کو توڑنے کی صورت میں کوئی دباؤ یا سفارش کا سہارا نہ لیں۔
11. ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے والی طالبات کو ضلعی اور ڈویژن کی سطح پر جانے کی اجازت دیں۔
12. کالج کی کارکردگی کے بارے میں اپنی رائے سے نوازیں۔
13. آیئے بچوں کی اعلیٰ تعلیم و تربیت کیلئے کالج انتظامیہ کا ساتھ دیں بیٹیوں کی اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ اعلیٰ اخلاقی اقدار کی مالک بنائیں وہ کل کو اپنا آپکا اور ہمارا نام روشن کر سکیں اور ادارے کی نیک نامی میں اضافہ کا باعث بنیں۔ آمین!

شکریہ!

تمت بالخیر!

مس زینت صباء
انچارج پراسپکٹس

# PROSPECTUS



HIGHER EDUCATION DEPARTMENT
SOUTH PUNJAB

اویس پبلشرز
38-غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
0300-4234013

## GOVT.GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN JAHANIAN

CamScanner